SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

March 26, 2021

کئی بنکوں نے ایس ای سی پی کے پورٹل سے کمپنیوں کے انضباطی ریکارڈ تک براہ راست رسائی حاصل کرلی

اسلام آباد (مارچ 26) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے بنکوں کو کمپنیوں کے انضباطی ریکارڈ تک براہ راست رسائی فراہم کرنے کے لئے خصوصی پورٹل کے اجراء کے بعد، ملک کے سولہ بڑے بنکوں نے پورٹل کی رسائی حاصل کرلی ہے۔ اس پورٹک کے ذریعے بنک انضباطی دستاویزات تک رسائی اور تصدیق کر کے کمپنیوں کے بنک اکاوئنٹ فوری کھول سکتے ہیں۔

ایس سی سی پی نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ مل کر اس خصوصی پورٹل کا اجراء کیا تھا جہاں بنک کمپنیوں کے ریکارڈ تک براہ راست ڈیجیٹل رسائی کرتے ہوئے، بنک اکاوئنٹ کھولنے کے لئے تصدیق کر سکتے ہیں۔ اس سہولت سے کمپنیوں کے بنک اکاوئنٹ کھولنے کے لئے درکار وقت میں نمایاں کمی آئے گی۔

ایس ای سی پی کے پورٹک تک رسائی حاصل کرنے والے بنکوں میں عسکری بنک، بنک الفاح، بنک الحبیب، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ، فنکا مائیکرو فنانس بنک، انڈسٹریل اینڈ کمرشل بنک آف چائنا، خوشحالی مائیکرو فنانس بنک، این آر ایس پی مائیکرو فنانس، پیئر انوسٹمنٹ کمپنی، پاکستان مورگیج ری فنانس کمپنی، سندھ بنک، ایس ایم ای بنک، سنہری بنک، سمٹ بنک، ٹیلی نار مائیکرو فنانس بنک اور بنک آف پنجاب شامل ہیں۔

اس پورٹل میں ایس ای سی پی کی جانب سے تمام پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں، پبلک لمیٹڈ کمپنیوں اور غیر منافع بخش این جی اوز کی انضباطی دستاویزات اور معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ اگلے مرحلے میں تمام غیر ملکی کمپنیوں اور لمیٹیڈ لائیبلٹی پارٹنر شپ کا ڈیٹا بھی فراہم کر دیا جائے گا۔ ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنیوں کی تصدیق شدہ دستاویزات کا کاغذی شکل میں اجراء کا سلسلہ بند کر دیا جائے گا اور کمپنیوں کی صرف ڈیجیٹل تصدیق شدہ ریکارڈ ہی دستیاب ہو گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005